SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ آرڈیننس نمبر XX مجریہ ۱۹۷۴
SINDH ORDINANCE NO.XX OF 1974
مغربی پاکستان موٹر گاڑیاں (سندھ دوسری ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۷۴
THE WEST PAKISTAN MOTOR VEHICLES (SINDH SECOND AMENDMENT) ORDINANCE, 1974

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)
دفعات (Sections)
۱۔ مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement
۲۔ ۱۹۶۵ کے مغربی پاکستان آرڈیننس XIX کے چھٹے شیڈول کی ترمیم
Amendment of the Sixth Schedule to West Pakistan Ordinance XIX of 1965

سندھ آرڈیننس نمبر XX مجریہ ۱۹۷۴
SINDH ORDINANCE NO.XX OF 1974
مغربی پاکستان موٹر گاڑیاں (سندھ دوسری ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۷۴

THE WEST PAKISTAN MOTOR VEHICLES (SINDH SECOND AMENDMENT) ORDINANCE, 1974

[۲۸ دسمبر ۱۹۷۴]

آرڈیننس جس کے ذریعے سندھ میں نافذ کرنے کے لیئے مغربی پاکستان موٹر گاڑیاں آرڈیننس، ۱۹۶۵ میں مزید ترمیم کی جائے گی۔

تمہید (Preamble)

جیسا کہ سندھ میں نافذ کرنے کے لیئے مغربی پاکستان موٹر گاڑیاں آرڈیننس، ۱۹۶۵ میں مزید ترمیم کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہوگی؛

اور جیسا کہ صوبائی اسیمبلی کا اجلاس جاری نہیں ہے اور سندھ کا گورنر مطمئن ہے کہ موجودہ حالات میں ہنگامی قدم اٹھانا ضروری ہے؛

اب، اس لیئے، اسلامی جمہوریہ پاکستان کے عبوری آئین کے آرٹیکل ۱۲۸ کی شق (۱) کے تحت ملے ہوئے اختیارات کو استعمال میں لاتے ہوئے، سندھ کے گورنر نے مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے:

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

۱۔ (۱) اس آرڈیننس کو مغربی پاکستان موٹر گاڑیاں (سندھ دوسری ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۷۴ کہا جائے گا۔

(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

۱۹٦۵ کے مغربی پاکستان آرڈیننس XIX کے چھٹے شیڈول کی ترمیم
Amendment of the Sixth Schedule to West Pakistan Ordinance XIX of 1965

۲۔ سندھ صوبہ میں نافذ کرنے کے لیئے مغربی پاکستان موٹر گاڑیاں آرڈیننس، ۱۹۶۵ کے چھٹے شیڈول کے نوٹ ۲ میں، آخر میں مندرجہ ذیل اضافہ کیا جائے گا:

"گاڑیوں کی عارضی رجسٹریشن کے لیئے KCK"۔

نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔